تعلیمی قابلیت۔تحقیقی کاوشیں۔اور تبلیغی کارکردگی

انصر رضا۔مبلغ سلسلہ،احمدیہ مسلم جماعت،کینیڈا

دنیاوی تعلیم و تجربہ

گریجوایٹ پنجاب یونیورسٹی،لاہور،پاکستان؛ انکم ٹیکس انسپکٹر؛ بُک کیپر و انکم ٹیکس مشیر

دینی تعلیم

چونکہ خاکسار کو جامعہ احمدیہ میں پڑھنے کا شرف حاصل نہیں ہوسکا اس لئے از خود دینی تعلیم کے حصول پر اکتفا کرنا پڑا۔اس کے لئے مندرجہ ذیل موضوعات اور ماخذین کا سہارا لیا:

عمومی اسلامی موضوعات

عقائد؛ کلام؛تفسیر القرآن؛احادیث؛سیرت وسوانح؛تاریخ؛ موازنۂ مذاہب؛ اسلام اور سائنس؛ اسلامی فلسفہ؛ اسلام اور مغرب؛ خواتین اور اسلام؛ شریعہ؛ سیاست اور اسلام؛ حیات بعد الموت

ماخذین

قرآن مجید

40 کے قریب سنی تفاسیر القرآن کا مطالعہ۔10 کے قریب شیعہ تفاسیر کا مطالعہ

قرآنِ کریم کے متعلق اردو،عربی،اور انگریزی میں 130 کے قریب کتب کا مطالعہ

احادیث

صحاح ستہ کے علاوہ 43 کتبِ احادیث کا مطالعہ؛ جرح وتعدیل، اسماء الرّجال کی 40 سے زائد کتب کا مطالعہ؛ ضعیف وموضوع احادیث کے متعلق 47 کتب کا مطالعہ؛ شروح الاحادیث کی 27 کتب کا مطالعہ؛ احادیث کے متعلق اردو،عربی اور انگریزی میں 150 کے قریب کتب کا مطالعہ

سیرت النبی ﷺ

نبی اکرم ﷺ کی سیرت مبارکہ کی 55 کتب کا مطالعہ

تاریخ

اسلامی تاریخ کی 38 کتب کا مطالعہ

سوانح

صحابہ کرامؓ کی حیات پر مبنی 19 اور دیگر مختلف مشاہیر کی سوانح پر مبنی 34 کتب کا مطالعہ

جماعتی لٹریچر

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روحانی خزائن؛ خلفائے احمدیت کی کتب و خطبات؛ علمائے سلسلہ کی کتب و مضامین، جماعتی رسائل و جرائد کے علاوہ دیگر بہت سے لٹریچر کا متعدد مرتبہ مطالعہ کر چکا ہے۔

زبانیں

خاکسار اردو اور انگریزی میں مہارت رکھتا ہے جبکہ، عربی، عبرانی، فارسی، ہندی، گورمکھی، جرمن، فرنچ باقاعدہ سیکھ چکا ہے جنہیں پڑھ کر سمجھ اور لکھ سکتا ہے اور اہل زبان کے ماحول میں تین ماہ تک رہ کر بولنے اور سمجھنے پر بھی قدرت حاصل کر سکتا ہے۔

تصنیفات و تالیفات:

سلطانِ نصیر؛ سلطان القرآن؛ علماء ھم؛ مسیحؑ و مہدی کے متعلق احادیث کا تجزیہ؛ Manji-Another Pawn Advanced

نئے لٹریچر کی تیاری:

داعیان کی تربیت اور تبلیغ کے لئے اردو اور انگریزی میں مختلف موضوعات پر یک ورقہ اور دو ورقہ لٹریچر کے ساتھ تبلیغی نصاب تیار کیا۔

تحقیقی کام

مذاہب کا تقابلی مطالعہ

دہریت؛ بابی اور بہائی مذہب، عیسائیت؛ فری میسنز؛ ہندوازم؛ یہودیت؛سکھ ازم،تھیوسوفی؛ زرتشت ازم؛ جین ازم

مسلمان فرقوں کا مطالعہ

تصوف،اہلحدیث، بریلوی، دیوبندی،شیعہ،مہدوی،اسماعیلی،اور جماعت اسلامی کے ایک دوسرے کے خلاف فقہی ومسلکی اختلافات،ایک دوسرے پر قرآن وحدیث اور علماء کی کتب میں تحریفات سمیت دیگر الزامات اور اپنے عقائد کی ترویج پر مبنی 1200 سے زائد کتب کا مطالعہ کر کے ان کے نوٹس بنائے جا چکے ہیں۔

ان کے علاوہ مندرجہ ذیل علماء کی تحریرات سے استفادہ کے ساتھ ساتھ دینی مدارس سے شائع ہونے والے آن لائن رسائل وجرائد کا مسلسل مطالعہ جاری رہتا ہے۔

مولوی چراغ علی; سرسید احمد خان; تمنا عمادی; وحیدالدین خان; غلام جیلانی برق; حمیدالدین فراہی; نیاز فتح پوری؛ غلام احمد پرویز؛ محمود احمد عباسی; ڈاکٹر اسرار احمد; جاوید احمد غامدی

احمدیت کے خلاف لٹریچر

خاکسار مخالفین احمدیت بشمول تحریک ختم نبوت کے لٹریچر کا حتی الوسع مطالعہ کر کے ان میں موجود اعتراضات سے آگہی حاصل کر کے ان کے جوابات تیار کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں موجود تضاد اور بعض اوقات اعترافات کے حوالہ جات جمع کر کے تبلیغی گفتگو ومناظروں میں استعمال کرتا ہے۔اس کے علاوہ خاکسار کا یہ بھی شوق ہے کہ جماعتی لٹریچر میں موجود قدیم علماء کی کتب جمع کر کے ان کے حوالہ جات اصل شکل میں محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے نئے ایڈیشنز کے مطابق اپ ڈیٹ کیا جائے تاکہ جدید دور کے زیر تبلیغ دوستوں اور مخالف علماء کو وہ حوالہ جات جماعتی کتب سے دکھانے کی بجائے اصل کتاب سے پیش کئے جاسکیں۔

حاصلِ مطالعہ

مندرجہ ذیل موضوعات پر مبنی حوالہ جات اکٹھے کئے گئے

☆ وفاتِ مسیحؑ کے ضمن میں توفّی ، رفع مسیحؑ موعود کے امت کے ایک خلیفہ ہونے کے حوالہ جات

☆ ختم نبوت کے ضمن میں بغیر شریعت نبوت جاری ہونے کے حوالہ جات

☆ صداقتِ مسیحؑ موعود کے ضمن میں سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کئے گئے متعدد اعتراضات کے رد میں قدیم وجدید علماء کی کتب کے حوالہ جات

☆ غیر مسلموں کو حج سے منع کرنے کے خلاف ثبوت۔

☆ سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے قبل مسلمان علماء کی عیسائیت کے مقابل پر بیچارگی کے حوالہ جات

☆ حب الوطن من الایمان اور علمائے امتی کاانبیاء بنی اسرائیل جیسی احادیث کے متعلق قدیم علماء کے ساتھ ساتھ جدید دور کے مخالفین کی کتب سے حوالہ جات۔

☆ لفظ ''موعود'' کے حوالہ جات۔

☆ مسیح ومہدی کے چودھویں صدی میں ظاہر ہونے کے حوالہ جات۔

☆ ظل وبروز کے متعلق قدیم وجدید علماء کی کتب سے حوالہ جات.

☆ عالمِ اسلام کے زوال اور مسلمانوں کی حالتِ زار کے متعلق مخالفین کی کتب ورسائل سے حوالہ جات.

☆ سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سخت کلامی اور گالیوں کے الزام کے جواب میں قرآن وحدیث کے ساتھ ساتھ مخالفین کی کتابوں سے اُن کے مسلمہ بزرگوں کے حوالہ جات۔

☆ سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس قول کہ نبی اکرم ﷺ کے والد آپؐ کی پیدائش کے بعد فوت ہوئے تھے، کی صداقت میں حوالہ جات۔

☆ بہاءاللہ کے دعویٰ کے متعلق ایک تحقیقی مضمون۔

☆ ریورنڈ تھامس پیٹرک ہیوز ، جس کا ذکر سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی کتاب ''ست بچن'' میں ذکر کیا ہے، کی کتاب ''ڈکشنری آف اسلام'' اور دیگر ذرائع کے مطالعہ کے بعد گورونانکؒ کے

مسلمان ہونے اور گورو گرنتھ صاحب کی تدوین کے موضوع پر مضامین لکھے جو کینیڈا کے احمدی احباب نے اپنے سکھ دوستوں میں تقسیم کیئے۔

☆ سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی کتب میں جن غیر مسلم علماء کا ذکر فرمایا ہے ان کی محولہ کتب حاصل کرنے کی کوشش کی گئی، جو ابھی تک جاری ہے۔اس سلسلہ میں جان ہنری بیروز کی کتب حاصل کی گئیں۔اس کی ایک کتاب "The Christian Conquest of Asia" سے چند اقتباسات، جو کہ اسلام اور مسیحیت کے تقابلی جائزہ پر مبنی تھے، پر مشتمل ایک مضمون تیار کیا۔

یہ حوالہ جات ایڈیٹر الفضل نصیر احمد قمر صاحب کو بھجوائے گئے تو ان کا تبصرہ آیا کہ مولانا دوست محمد شاہد صاحب کے بعد وہ اسی نوعیت کا مواد تلاش کررہے تھے جو بحمد اللہ خاکسار کے ذریعہ انہیں میسّر آ گیا۔ چنانچہ ''حاصل مطالعہ'' کے نام سے یہ حوالہ جات الفضل انٹرنیشنل میں شائع ہوئے۔ریسرچ سیل ربوہ کے سربراہ مکرم مبشر ایاز صاحب نے خاکسار کو فون کر کے کہا کہ خاکسار کینیڈا میں اکیلا وہ کام کر رہا ہے جو وہاں پورا ایک دفتر کرتا ہے۔مکرم مجیب الرحمان ایڈووکیٹ نے اپنے دورۂ کینیڈا میں خاکسار سے ملاقات کی خواہش ظاہر فرمائی اور خاکسار کا تحقیقی کام ساتھ لانے کو کہا جس پر خاکسار ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا کچھ کام ان کی خدمت میں پیش کیا جسے انہوں نے دیکھ کر سراہا اور اپنے ہمراہ لے گئے۔

جماعتی کام کا تجربہ

خاکسار مجلس خدام الاحمدیہ علاقہ لاہور میں شہید مکرم محمد اسلم بھروانہ صاحب قائد علاقہ لاہور کے ماتحت شعبہ اصلاح وارشاد میں کام کرتا رہا ہے اور اوکاڑہ، قصور اور شیخوپورہ کی جماعتوں میں تبلیغی دورے کرتا رہا ہے۔اس کے علاوہ 1996 تا 1998 پاکستان میں اس وقت کے پرنسپل جامعہ احمدیہ، مکرم میر محمود احمد ناصر صاحب، کے ارشاد پر جامعہ ربوہ میں تین مرتبہ لیکچر دے چکا ہے۔اور ایک مرتبہ اس وقت کے جامعہ کے انگریزی زبان کے استاد، مکرم فخر الحق شمس صاحب، کے ارشاد پر ان کی کلاس میں لیکچر دیا۔خاکسار پاکستان میں مکرم میر قمر احمد سلیمان صاحب کے ماتحت مربیانِ سلسلہ، مکرم فخر الحق شمس صاحب، مکرم حافظ راشد جاوید صاحب اور مکرم نورالدین منصور صاحب، کے ہمراہ رائٹرز فورم اور شعبہ عمومی میں کام کرتا رہا ہے اور اخبارات ورسائل میں لکھنے کے ساتھ ساتھ ان کے مدیران وصحافیوں سے رابطہ کرتا رہا ہے۔

1998 میں کینیڈا نقل مکانی کے بعد خاکسار نے 2003 تا 2008 جامعہ احمدیہ کینیڈا میں بطور استاد اردو، عربی، تصوف اور ترجمۃ القرآن پڑھایا۔ اس دوران 2004 میں حضورِ انور (ایدہٗ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) نے ازراہِ شفقت خاکسار کی وقفِ زندگی کی درخواست منظور فرمالی۔ جس کے بعد خاکسار، بفضلہٖ تعالیٰ، اب مرکز میں بطور لوکل مشنری اور معاون برائے نیشنل سیکرٹری تبلیغ خدمات بجالا رہا ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک!

تبلیغی کارکردگی

انفرادی و اجتماعی ملاقاتیں

متعدد انفرادی و اجتماعی ملاقاتوں میں احمدیت کا پیغام پہنچانے کی توفیق ملتی ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ پاکستان اور کینیڈا سمیت بیس افراد کی جماعت میں شمولیت کا ذریعہ بنا۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک

احبابِ جماعت سے روابط

روزانہ کی بنیاد پر احبابِ جماعت کو ای میل اور فون کے ذریعہ ان کے سوالات کے جوابات دئے جاتے ہیں۔

نومبائعین سے روابط

خاکسار کے ذریعہ بیعت کرنے والے اور دیگر نومبائعین سے مسلسل رابطہ رکھ کر ان کے سوالات کے جوابات دیئے جاتے ہیں، ان کے گھریلو مسائل میں مشورہ دیا جاتا ہے اور وقتاً فوقتاً ان سب کو اکٹھا کر کے ایک دعوت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات اس دعوت میں زیرِ تبلیغ دوست بھی شامل ہوتے ہیں جو اچھا اثر لے کر جاتے ہیں۔

مناظرے

متعدد غیر احمدی مسلمان علماء اور عیسائی پادریوں سے مناظرانہ نشستیں منعقد کی گئیں۔ اے کے شیخ، اکبر چوہدری، عبدالغفار جنبہ اور ناصر سلطانی جیسے مرتدین سے مناظروں میں انہیں شکست ہوئی۔ دیگر غیر احمدی علماء کو مسلسل گفتگو کی دعوت لیکن ان کا مسلسل فرار۔ متعدد غیر احمدی سنی مساجد میں جا کر علماء سے براہِ راست رابطے کئے لیکن وہ گفتگو پر آمادہ نہیں ہوتے۔ اس طرح سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قول ایک مرتبہ پھر سچا ثابت ہوا کہ:

’’آزمائش کے لئے کوئی نہ آیا ہر چند ہر مخالف کو مقابل پہ بلایا ہم نے‘‘

دو دیوبندی علماء، انور شاہ کشمیری اور مفتی محمد شفیع، نے احمدیت کے خلاف اپنی کتب، اکفار الملحدین اور جواہر الفقہ، میں مولانا قاسم نانوتوی کی کتاب ''تحذیر الناس'' میں مندرج چند باتوں کا صریح انکار کرتے ہوئے انہیں کفر قرار دیا ہے۔اس پر کینیڈا میں مقیم مولانا قاسم نانوتویؒ کے پڑپوتے آصف قاسمی صاحب کو تمام حوالہ جات بھیج کر گفتگو کی دعوت دی لیکن ان کی جانب سے اول تو جواب نہیں آیا لیکن جب اصرار کیا گیا تو فرمایا کہ انہوں نے خاکسار کا خط دارالعلوم دیوبند بھجوا دیا ہے وہی جواب دیں گے لیکن کئی ماہ گزرنے کے بعد تا حال جواب ندارد۔متعدد شیعہ علماء کو بنیادی مسئلہ یعنی امامت پر گفتگو کی دعوت دی گئی لیکن وہ تیار نہیں ہوتے۔متعدد زیرِ تبلیغ سنّی و شیعہ احباب نے بتایا کہ انہوں نے اپنے علماء کو بہت کہا کہ وہ خاکسار سے مل کر گفتگو کریں تا کہ احمدیت کے متعلق انہیں واضح علم ہو سکے لیکن وہ علماء تیار نہیں ہوتے۔

حالاتِ حاضرہ

پاکستان میں چھپنے والے اخبارات سے دلچسپ اور معلوماتی تراشے جمع کر کے احباب میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔

داعیان کی ٹیم

داعیان کی ایک ٹیم تیار کی گئی جو بفضلہٖ تعالیٰ تبلیغ کا کام کر رہی ہے۔مختلف جماعتوں میں تبلیغ ٹریننگ کلاسز لگائی جاتی ہیں جن میں داعیان کو اسلام/احمدیت کی صداقت کے دلائل سکھائے جاتے ہیں۔

خطبہ وامامت نماز جمعہ

پچھلے تین برس سے زائد سے خاکسار بحمد اللہ رچمنڈ ہل جماعت میں نمازِ جمعہ کی امامت و خطبہ جمعہ کی توفیق پا رہا ہے۔

اجلاساتِ عام

مختلف جماعتیں اپنے اجلاساتِ عام میں شرکت و خطاب کی دعوت دیتی ہیں جن میں شامل ہونے کی توفیق ملتی ہے۔

مجالسِ سوال و جواب

مختلف جماعتوں کی منعقدہ مجالسِ سوال و جواب میں شامل ہو کر وہاں موجود احمدی و غیر احمدی احباب کے سوالات کے جوابات دینے کا موقع ملا۔

دروس القرآن

ہر سال رمضان میں خاکسار کسی خاص موضوع پر قرآنِ کریم کی متعلقہ آیات جمع کر کے ان کا درس دیتا ہے۔اس برس قرآنِ کریم سے قرآنِ کریم کے تعارف پر مشتمل آیات جمع کر کے ان کا درس دیا جارہا ہے۔جبکہ پچھلے برس قرآنِ کریم میں رسولوں کے منصب و مقام پر مبنی آیات جمع کر کے ان کا درس دیا گیا تھا۔اس کے علاوہ دورانِ سال مکرم مرزا محمد افضل صاحب کی غیر حاضری میں ان کی معاونت کرتے ہوئے ان کے ریجن میں دروس القرآن دیئے جاتے ہیں۔

تعلیم القرآن کلاس

ہر سال نیشنل تعلیم القرآن کلاس میں قرآنِ کریم کے منتخب نصاب کا ترجمہ پڑھانے کی توفیق ملتی ہے

راہ ھدٰی بلاگ

مکرم آصف محمود باسط صاحب نے حضورِ انور (ایدہٗ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) سے اجازت لے کر خاکسار کو اس بلاگ کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا تھا جس پر کچھ عرصہ خدمت کی توفیق ملی۔۔

بین المذاہب اجتماعات

مختلف یونیورسٹیوں،اور دیگر مقامات پر بین المذاہب اجتماعات میں اسلامی موضوعات پر خطاب کا موقع ملا۔

تعلیمی اداروں میں لیکچرز

مختلف سکولوں میں اسلام کے متعلق لیکچرز کا موقع ملا اور ایک تعلیمی بورڈ میں دیگر اسلامی تنظیموں کے ہمراہ نصاب اور مسلمان طلباء کے متعلق لائحہ عمل پر گفتگو میں شرکت اور تجاویز دینے کا موقع ملا

ریڈیو احمدیہ

پچھلے دس بارہ برس سے ریڈیو احمدیہ پر احمدیت کا پیغام پہنچانے اور صداقتِ مسیحؑ موعود ثابت کرنے کا موقع ملا جس کے ذریعہ غیر احمدی مسلمان سامعین پر ایک گہرا اثر قائم ہوا ہے اور وہ یہ ماننے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ جماعت احمدیہ کے عقائد حقیقتاً قرآن و حدیث پر مبنی ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ احمدی احباب کے اعتماد میں بہت اضافہ ہوا ہے۔

www.alislam.org

جماعت کی آفیشل ویب سائٹ پر خاکسار کے متعدد مضامین ومقالہ جات موجود ہیں

youtube

یوٹیوب پر خاکسار کی تیار کردہ علمی وتبلیغی موضوعات پر مبنی ویڈیوز اور چند مناظروں کی ویڈیوز موجود ہیں جنہیں سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں نے دیکھا اور پسند کیا۔

راول ٹی وی

راول ٹی وی پر مکرم مرزا محمد افضل صاحب کی ہمراہی میں کئے گئے پروگرام احمدی وغیر احمدی احباب میں یکساں مقبول ہیں۔

جماعتی رسائل وجرائد

الفضل ربوہ، الفضل انٹرنیشنل، احمدیہ گزٹ کینیڈا، اور بدر قادیان میں خاکسار کے متعدد مضامین شائع ہو چکے ہیں۔